بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# کورونا ویکسین لگانے سے روزے کا حکم

## سوال:

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حضرت! کیا روزے کی حالت میں کورونا ویکسین لگوا سکتے ہیں؟

**سائل: حفظ الرحمٰن، امریکہ**

## جواب:

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جی ہاں! روزے کی حالت میں کورونا ویکسین لگوا سکتے ہیں، اس سے روزے پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ وجہ یہ ہے کہ روزہ اس وقت ٹوٹتا ہے جب کوئی غذا یا دوا جسم کے مَنْفَذ اصلی (یعنی جسم کے وہ راستے جن کے ذریعے کوئی چیز براہِ راست جسم میں داخل ہو جیسے منہ، ناک، مقعد وغیرہ) کے ذریعے جسم میں داخل ہو جبکہ کورونا ویکسین انجکشن کے ذریعے لگائی جاتی ہے اور انجکشن کے ذریعے جو دوائی جسم میں داخل ہوتی ہے وہ منفذِ اصلی کے ذریعے جسم میں داخل نہیں ہوتی بلکہ رگوں اور گوشت کے ذریعے داخل ہوتی ہے۔ اس لیے اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

فتاویٰ عالمگیری میں ہے:

وَمَا يَدْخُلُ مِنْ مَسَامِّ الْبَدَنِ مِنَ الدُّهْنِ لَا يُفْطِرُ.

(فتاویٰ عالمگیری: ج1 ص203 الباب الرابع فیما یفسد وما لا یفسد)

ترجمہ: جو چیز مسامات کے ذریعے جسم میں داخل ہو تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا جیسے تیل۔

**واللہ اعلم بالصواب**



**14-اپریل 2021ء**